یقین دہانی کرا کر حاصل کر سکتے ہیں۔کتاب خوبصورت ٹائٹل اور مضبوط جلد میں محفوظ کی گئی ہے۔کمپوزنگ نہایت اعلیٰ اور کاغذ عمدہ ہے۔

(۲)

نام کتاب : شریعت اسلامیہ کے محاسن (حصہ دوم)
مرتب : شیخ عمر فاروق
ضخامت: 544 صفحات ۔ قیمت :درج نہیں
ملنے کا پتہ: جامعہ تدبر القرآن ۔15-بی' وحدت کالونی لاہور

فاضل مصنف شیخ عمر فاروق ناموری اور شہرت سے بے نیاز قلم وقرطاس کے ذریعے فروغِ دین اسلام کا مشغلہ اپنائے ہوئے ہیں۔وہ عربی اور انگریزی زبانوں پر دسترس رکھتے ہیں۔تقویٰ شعاری اور سادہ زندگی ان کی پہچان ہے۔اشاعت دین اسلام پر لاکھوں روپے اپنی جیب سے خرچ کر رہے ہیں حالانکہ وہ کوئی سرمایہ دار اور متمول آدمی نہیں ہیں۔ساری زندگی درس وتدریس میں گزاری اور رزق حلال کمایا۔

شریعتِ اسلامیہ کے محاسن اُن کے مضامین کا مجموعہ ہے جو ہفت روزہ ایشیا میں شائع ہوتے رہے ہیں۔اب انہوں نے ان مضامین کو کتابی شکل میں مدون کر دیا ہے۔قبل ازیں اس کا پہلا حصہ شائع ہوا تھا۔اب زیرتبصرہ کتاب مصنف کے مضامین کا دوسرا حصہ ہے۔اس حصے میں ۶۹ مضامین شامل ہیں جو اسلامی تعلیمات کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ان میں زبان سادہ استعمال کی گئی ہے جس کے باعث ہر طبقے کے افراد اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔تمام مضامین ٹھوس مواد پر مشتمل ہیں جو قرآن وسنت کی تعلیمات کا مظہر ہیں۔پھر قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ وہ زیرتبصرہ کتاب شائع کر کے اُن اصحاب کو ہدیۃً دیتے ہیں جو دینِ متین سیکھنے سکھانے کا شوق رکھتے ہوں۔یاد رہے کہ وہ یہ کتاب کسی ضرورت مند کو بذریعہ ڈاک نہیں بھیجتے' بلکہ جس کو ضرورت ہو وہ ان سے بالمشافہ مل کر اور اپنی ضرورت بتا کر حاصل کر سکتا ہے۔

کتاب کی کمپوزنگ کا معیار اعلیٰ' کاغذ عمدہ' ٹائٹل خوبصورت اور جلد مضبوط ہے۔یوں حسن حقیقی کے ساتھ یہ جمالِ ظاہری سے بھی مزین ہے۔